کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزارت تجارت نے ایران کے ساتھ تجارت کے لئے 57 اشیاء کو سرٹیفکیٹ آف اوریجن (سی او او) کی شرط سے مستثنیٰ قرار دیا ہے جس سے بزنس کمیونٹی نے پاک ایران دوطرفہ تجارت کے لئے اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے اس سے بڑی کامیابی سے تعبیر کیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے پاکستانی تاجروں کو ایران کے ساتھ زیادہ آسانی اور اعتماد کے ساتھ کاروبار کا موقع ملے گا۔ گزشتہ روز اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) اور نجی شعبے کے مابین مشاورت کے سلسلے میں ممبر کسٹمز پالیسی اشہد جواد کی سربراہی میں منعقدہ زوم اجلاس میں ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، چیف کلکٹر کسٹمز عرفان جاوید، کلکٹر جمیل بلوچ، اسٹیٹ بنک کے محمد یاسر وزارت تجارت سے زبیر خان ودیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ان رکاوٹوں کو دور کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی جو پاکستان اور ایران کی تجارت میں طویل عرصے سے حائل ہیں خاص طور پر الیکٹرانک امپورٹ فارم (ای آئی ایف) اور سرٹیفکیٹ آف اوریجن (سی او او)۔ اجلاس میں ممبر کسٹمز پالیسی اشہد جواد کا کہنا تھا کہ حکومت قانونی تجارت کے فروغ کے لئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے ایران کے ساتھ 57 اشیاء کو سرٹیفکیٹ آف اوریجن (سی او او) سے استثنیٰ اس کی ایک کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانونی تجارت کا فروغ ملک اور اس کی اکائیوں کے معاشی خوشحالی کیلئے اولین شرط ہے، انہوں نے چیمبر آف کامرس کے اس سلسلے میں کردار کو بھی سراہا اور امید ظاہر کی کہ حکومتی اقدام سے پاک ایران دوطرفہ تجارت مزید بڑھے گا۔

MASHRIQ QUETTA

# صوبے میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے عوام کا ساتھ ضروری ہے، نور محمد دمڑ

**بلوچستان میں دہشت گردوں کیلئے کوئی جگہ نہیں قومی یکجہتی سے دشمنوں کی جڑیں کاٹ کر رکھ دیں گے، صوبائی وزیر خوراک**

**سیکورٹی فورسز پر حملہ کرنیوالے دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے، دہشت گردوں کو زمین پر جگہ نہیں ملے گی**

کوئٹہ (اے این این) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کا پاک افغان چمن بولدک میں افغانستان کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قیمتی انسانی جانوں کے ضائع ہونے اور زخمی ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس ہے غمزدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غمزدہ خاندانوں کے غم میں پوری قوم برابر کے شریک ہے انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے، بے گناہ انسانوں کے خون بہانے والوں کو زمین پر جگہ نہیں ملے گی، دہشت گردوں کا مکمل صفایا کیا جائے گا، دشمن سن لے بلوچستان میں ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والوں کو نیست و نابود کر دیا جائے گا، سیکورٹی فورسز پر حملہ ریاست پر حملہ ہے جو کہ ناقابلِ برداشت ہے، دہشت گردوں کو چن چن کر ماریں گے، عوام خوفزدہ نہ ہوں، دشمنوں کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، سیکورٹی ادارے دہشت گردوں کے تعاقب میں بچ کر کوئی نہیں بچے گا آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن جاری رہے گا، پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، دہشت گردوں کی مکمل بیخ کنی کریں گے، بلوچستان میں دہشت گردوں کیلئے کوئی جگہ نہیں قومی یکجہتی سے دشمنوں کی جڑیں کاٹ کر رکھ دیں گے صوبائی وزیر نے دھماکہ میں شہید ہونے والے شہداء کے بلند درجات اور زخمیوں کیلئے جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

# عوامی مسائل کے حل کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

**عوام مایوس نہ ہوں ادویات کی کمی پوری اور مشکلات دہلیز پر حل کریں گے، بخت محمد کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں اور عوام کو کسی صورت مایوس .......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

نہیں کریں گے بلکہ ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی یقینی بنائیں گے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی' یہ بات مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے مریضوں کو ادویات کی دستیابی اور علاج میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے بلوچستان کے کسی بھی مکین کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی غفلت برداشت نہیں کروں گا

INTEKHAB QUETTA

# پیپلز پارٹی کے جیالے نظریے کے سچے محافظ ہیں، فیصل خان جمالی

**سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، برسی پر خصوصی پیغام**

اوستہ محمد / کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر برائے لائیواسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے سانحہ کارساز کی 18 ویں برسی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں جمہوریت کی بحالی کی جدوجہد میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے عظیم شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا نے ثابت کر دیا کہ پیپلز پارٹی کے جیالے نہ صرف جمہوریت عوامی خدمت بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

اور قومی استحکام کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، بلکہ وہ اپنے قائدین کے نظریے اور مشن کے سچے محافظ بھی ہیں انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007 کی شب عوام دشمن قوتوں نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں ان کے تاریخی استقبال کے دوران بزدلانہ دہشت گرد حملہ کیا۔ لاکھوں کارکن اپنی محبوب قائد کے استقبال کے لیے جمع تھے کہ اچانک دو خوفناک دھماکوں نے فضا کو لرزا دیا، جن کے نتیجے میں دو سو سے زائد کارکن شہید اور درجنوں زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی سیاسی تاریخ میں ایسی مثال نہیں ملتی جہاں کارکنان نے جان ہتھیلی پر رکھ کر اپنی قائد کی حفاظت کے لیے اس قدر قربانیاں دی ہوں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 18 OCT 2025 Page No. 13


# صوبے میں دہشتگرد حملوں کے خدشات بدستور موجود ہیں: آئی جی بلوچستان

**حالیہ کشیدگی کے بعد سیکورٹی خطرات میں نمایاں اضافہ ہوا، افغانستان سے دہشتگرد داخل ہوکر بلوچستان کو نشانہ بنا رہے ہیں**

**پولیس، سی ٹی ڈی اور انٹیلی جنس اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کے نتیجے میں 99فیصد دہشتگرد حملے ناکام بنائے گئے، محمد طاہر**

کوئٹہ (یو این اے) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ صوبے میں دہشتگرد حملوں کے خدشات بدستور موجود ہیں اور حالیہ کشیدگی کے بعد سیکورٹی خطرات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں دہشتگردوں کی سرگرمیاں رپورٹ ہورہی ہیں جن سے نمٹنے کے لیے تمام سیکورٹی ادارے الرٹ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے آئی جی محمد طاہر نے کہا کہ افغانستان سے بین الاقوامی فورسز کے انخلا کے بعد دہشتگرد عناصر نے بلوچستان کو اپنا مرکز بنانے کی کوشش کی، تاہم ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس، سی ٹی ڈی اور انٹیلی جنس اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کے نتیجے میں 99فیصد دہشتگرد حملے ناکام بنائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ اب ہائبرڈ وارفیئر کی شکل اختیار کرچکی ہے، جس میں دشمن ملک کے اندرونی نظام، معیشت اور امن و امان کو غیر روایتی حربوں سے نقصان پہنچانے کی کوشش کررہا ہے۔ آئی جی بلوچستان نے کہا کہ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے سے انسداد دہشتگردی کی کارروائیوں میں بہتری آئے گی اور صوبے میں امن و استحکام کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) دہشتگردوں کے نیٹ ورکس کے خاتمے کے لیے موثر کردار ادا کررہی ہے، جبکہ پولیس فورس جدید ٹیکنالوجی، خفیہ معلومات اور تربیت کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن کردار ادا کر رہی ہے عوام سے اپیل ہے کہ وہ مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فوراً قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دیں تاکہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جاسکے۔

# وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایات، گوادر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں نمایاں بہتری

**جی ڈی اے گوادر نے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر شہر میں پانی کے بحران پر بڑی حد تک قابو پا لیا**

**4 سے 16 اکتوبر تک شادی کور، میرانی ڈیم اور جی پی اے ڈیسالینیشن پلانٹ سے بذریعہ ٹینکرز شہر کو تقریباً 25 ملین گیلن پانی فراہم**

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ادارہ ترقیات گوادر (جی ڈی اے) نے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر شہر میں پانی کے بحران پر بڑی حد تک قابو پالیا ہے 4 سے 16 اکتوبر تک شادی کور، میرانی ڈیم اور جی پی اے ڈیسالینیشن پلانٹ سے بذریعہ ٹینکرز شہر کو تقریباً 25 ملین گیلن پانی فراہم کیا گیا گوادر پورٹ اتھارٹی، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ضلعی انتظامیہ، پاکستان آرمی اور منتخب عوامی نمائندوں کے باہمی تعاون سے کئے گئے مربوط اور بروقت اقدامات کے باعث اب شہر میں پانی کی صورتحال میں نمایاں بہتری......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ہے 4 اکتوبر سے 16 اکتوبر 2025 تک کی رپورٹ کے مطابق شادی کور ڈیم، میرانی ڈیم اور جی پی اے ڈیسالینیشن پلانٹ سے بذریعہ ٹینکرز گوادر شہر کو مجموعی طور پر تقریباً 25 ملین گیلن پانی فراہم کیا گیا ان تینوں ذرائع سے تسلسل کے ساتھ ہونے والی فراہمی کے باعث شہریوں کی پانی کی ضروریات بڑی حد تک پوری ہوچکی ہیں۔ ترجمان جی ڈی اے کے مطابق، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمان خان کی نگرانی میں بحران پر قابو پانے کے لیے جی ڈی اے نے نہ صرف واٹر کرائسز مینجمنٹ سیل قائم کیا بلکہ ادارے کے تمام وسائل، مشینری اور افرادی قوت کو ہنگامی بنیادوں پر متحرک کیا۔ میرانی ڈیم سے ٹینکرز کے ذریعے پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا،


INTEKHAB QUETTA


# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس 20 اکتوبر کو ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا 17 واں اجلاس پیر 20 اکتوبر کو سہ پہر تین بجے منعقد ہوگا۔ بلوچستان اسمبلی کا رواں اجلاس 24 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ پیر کو ہونے والے اجلاس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

ماہی گیری سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے جبکہ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن پولیس سے متعلق اپنا توجہ دلاؤ نوٹس ایوان میں پیش کریں گے۔ جبکہ اجلاس میں صوبائی وزیر مال آغا خان پراپرٹیز (جانشینی اور منتقلی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 36 مصدرہ 2025) پیش کریں گے۔


CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 18 OCT 2025 Page No. 14


# تعلیمی شعبے میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائیگی، ڈی سی پنجگور

## عبدالکبیر زرغون کی زیرصدارت اجلاس، تعلیمی نظام کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

پنجگور (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرغون کے آفس میں اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر متعلقہ افسران، بی آر ایس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور خزانہ پنجگور کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد ضلع پنجگور میں تعلیمی نظام کو مزید فعال اور موثر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام کرونیکل ٹیچرز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ان کے لئے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ تعلیمی شعبے میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور اگر کسی سطح پر غفلت یا کوتاہی پائی گئی تو متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر پنجگور نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر اور آر ٹی ایس ایم کو ہدایت کی کہ وہ اسکولوں کے روزانہ دوروں کو یقینی بنائیں اور وزٹ کے دوران باہمی تعاون اور کوآرڈینیشن کو فروغ دیں تاکہ تعلیمی معیار میں بہتری لائی جاسکے۔

# سبی کے 60 فیصد تعلیمی ادارے سولر سسٹم پر منتقل کردیئے، ڈپٹی کمشنر

## اساتذہ کی غیر حاضری برداشت نہیں کی جائیگی، طلبہ کو دلجمعی سے پڑھائیں، میجر (ر) الیاس کبزئی

سبی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ سبی کے 60 فیصد تعلیمی اداروں کو بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت سولر سسٹم پر منتقل کر دیا گیا ہے لہذا اساتذہ سکول ٹائمنگ کی پابندی کریں اور بچوں کو محنت اور لگن سے پڑھائیں سولر سسٹم پر منتقل ہونے والے تعلیمی اداروں میں اب لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ختم ہو چکا ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کے ماہانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لہڑی میر بہادر خان بنگلزئی، پی ایس ٹو ڈپٹی کمشنر فہیم قریشی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل مسز سلمہ عطا، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق الماس، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت لغاری، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل مسز نورین خان، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل لہڑی مسز مسرت قادر، کے علاوہ دیگر تعلیمی افسران بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل اور فیمیل سے کہا کہ وہ سکولوں کے سرپرائز وزٹ کریں اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی کریں اور اساتذہ کو ڈیوٹی کا پابند بنائیں اجلاس میں سکولوں کی کارکردگی، کلسٹر کے سامان کی شفاف طریقے سے تقسیم کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع سبی کے 26 غیر فعال سکولوں میں سے 13 نان ایگزسٹ ہیں جبکہ 13 سکول ایسے ہیں جن کے بی ایم آئی ایس کو ڈبل ہیں یا وہ گراونڈ پر موجود نہیں ہیں ایسے سکولوں کو آبادی والے علاقوں میں منتقل کیا جائے گا جہاں سکول موجود ہیں مگران کے نام کا اندراج نہیں ہے مزید یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ کے 13 شیلٹرلیس سکول کو بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹیا (BSD) کے اگلے مرحلے میں عمارتوں کی منظوری کے لیئے شامل کیا جائے گا ڈپٹی کمشنر نے تعلیمی افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ غیر حاضر اساتذہ سے کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں کی جائے غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہیں کاٹی جائیں تعلیمی اداروں کے نظم وضبط اور ذمہ داری پر کسی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ تعلیمی اداروں میں درس وتدریس کا سلسلہ باقائدگی سے جاری رہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Set No. 4 Dated: 18 OCT 2025 Page No. 16


## خاران، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایس ایچ او جاں بحق

**حملہ آوروں نے پولیس گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کی اور فرار ہو گئے، علاقے میں سرچ آپریشن [illegible]**



خاران (نامہ نگار) خاران شہر میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایس ایچ او سٹی تھانہ محمد قاسم جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق فائرنگ کا واقعہ خاران شہر کی حدود میں سراوان چوک پر پیش آیا، جہاں [illegible] حملہ آوروں نے اچانک پولیس گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ حملہ آوروں کی فائرنگ سے ایس ایچ او محمد قاسم موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ حملہ آور فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ واقعے کے محرکات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ ایس ایچ او محمد قاسم شہید کا تعلق خاران سے ہے۔

## بیلہ: پانچ کلو چرس برآمد، 3 ملزمان گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) سی آئی اے پولیس انچارج بیلہ/لاکھڑا عبدالحکیم رودینجو کی منشیات فروشوں کے خلاف دو روز میں دوسری کامیابی پولیس اہلکاروں کے ہمراہ قومی شاہراہ این 25 پر دوران گشت مہران کار کی ڈگی سے پانچ کلو گرام چرس برآمد کرکے گاڑی تحویل میں لیکر تین ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گاڑی کوئٹہ سے کراچی کی طرف جارہی تھی محلہ گرلز ہائی سکول حب کے رہائشی ملزمان محمد شعیب، بلال احمد اور محمد حنظلہ کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت پولیس تھانہ بیلہ میں مقدمہ درج کرکے تفتیش کے عمل کا آغاز کردیا گیا ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## خضدار، سرکاری افسر بن کر ڈاکو 300 بھیڑ بکریوں سمیت رفو چکر

**ملزمان نے مویشیوں کے مالک کو بیٹے سمیت باندھ دیا، کچھ بھیڑ بکریاں حب سے برآمد**

حب (نمائندہ انتخاب) خضدار کے قریب سرکاری آفیسر بن کر بزرگ شخص کو معصوم بچے کے ساتھ ہاتھ پاؤں باندھ کر 300 کے لگ بھگ بھیڑ اور بکریاں ڈاکو لے گئے چوری کی گئی بھیڑ بکریوں میں سے چند حب سے برآمد۔ سوراب کے رہائشی امیر حمزہ محمد حسنی کے مطابق 10 اکتوبر کو وہ اپنے چھوٹے بیٹے کے ساتھ سوراب سے اپنی 300 کے قریب بھیڑ اور بکریوں کو لیکر خضدار کی طرف آرہے تھے تو رات ہونے کی وجہ سے قومی شاہراہ کے قریب اندھیرا ہونے کی وجہ سے رک گیا اور کھانا کھا کر سو گیا پھر رات تقریباً دس بجے کے بعد اکی آنکھ کھلی تو دو افراد انکے سر پر کھڑے تھے معلوم کرنے پر انہوں نے


بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر


بتایا کہ وہ سرکاری آفیسر ہیں آپ کی تلاشی لینی ہے ہمیں اطلاع ملی ہے کہ آپ کے پاس اسلحہ ہے پھر انکے باقی ساتھی آئے اور مجھے میرے معصوم بیٹے کے ساتھ ہاتھ پاؤں اور آنکھوں پر پٹی باندھ کر 48 گھنٹے تک ایک جھونپڑی میں قید رکھا پھر تیسرے دن جب صبح ہوئی تو مجھے چھوڑا تو میں نے دیکھا میرے بھیڑ بکریاں نہیں ہیں پھر پتہ چلا کہ وہ سرکاری آفیسر کے روپ میں ڈاکو تھے جو میرا مال چوری کر کے لے گئے پھر ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہم حب پہنچ گئے جہاں کچھ بھیڑ اور بکریاں ہمیں ملی ہیں تاحال بڑی تعداد میں میرا مال غائب ہے بزرگ شخص نے عوام سے اپیل کی ہے میں غریب ہوں میرا گزر بسر انہی بھیڑ بکریوں سے ہے مجھے میرے بھیڑ بکریوں کی تلاش میں مدد کریں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Set No. 5

Dated: 18 OCT 2025 Page No. 17


## ڈیرہ اللہ یار: اہم تجارتی مراکز میں خفیہ کیمرے نصب کرنیکا مطالبہ

### چوکیداری سسٹم ختم ہو چکا، چوری ڈکیتی کی وارداتوں کا تدارک کیا جاسکے گا، عوامی و تاجر حلقے

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) شہریوں اور تاجروں نے شہر کے اہم چوراہوں، پبلک مقامات اور چھوٹی بڑی مارکیٹوں کے باہر جدید سی سی ٹی وی کیمروں کی فوری تنصیب کا مطالبہ کر دیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ روزانہ کروڑوں روپے کی تجارت ہونے والے شہر میں صرف چند حفاظتی کیمرے نہ لگانا غفلت کے مترادف ہے۔ شہریوں نے کہا کہ تاجر برادری پہلے اپنی دکانوں اور مارکیٹوں پر چوکیدار رکھتی تھی لیکن اب یہ ذمہ داری ختم ہوتی جا رہی ہے۔ پولیس ہر ایک دکان کی نگرانی نہیں کر سکتی، اس لیے تاجروں کو بھی اپنے کاروباری مقامات کی حفاظت کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ عوام نے خبردار کیا ہے کہ موسم کی تبدیلی کے باعث یہ دن جرائم پیشہ عناصر کے لیے موزوں سمجھے جاتے ہیں کیونکہ سرد موسم میں لوگ لمبی راتوں میں گہری نیند سو جاتے ہیں، جس کا فائدہ چور اور ڈکیت اٹھاتے ہیں۔ اگر کسی بڑے جرم یا حادثے کی صورت میں پولیس کو موردِ الزام ٹھہرایا جائے تو یہ درست نہیں، کیونکہ عوام اور پولیس کا تعلق چولی دامن کا ہے اور ایک دوسرے سے تعاون ناگزیر ہے۔ شہریوں نے ڈیرہ اللہ یار پولیس کے عوام دوست رویے کو سراہا ہے اور کہا کہ یہاں کے لوکل افسران شہریوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہیں، جبکہ ایس ایچ او بھی عوامی مسائل کے حل میں پیش پیش ہیں۔ عوامی نمائندوں اور ایم پی ایز سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر سی سی ٹی وی کیمروں کے لیے فنڈز جاری کریں تاکہ انہیں سولر سسٹم کے تحت 24 گھنٹے فعال رکھا جا سکے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں پولیس فوری کارروائی کر سکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ اقدام نہ صرف جرائم پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ شہر کو محفوظ بنانے کی جانب ایک مؤثر قدم بھی ہوگا۔

## زمان روڈ کا ٹیوب ویل خراب، عوام پانی کو ترس گئے

### واسا کی لاپرواہی سے شہری مہنگے داموں ٹینکر مافیا سے پانی خریدنے پر مجبور

کوئٹہ (این این آئی) زمان روڈ گلی متصل کواری کا ٹیوب ویل خراب، غریب عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہو گئے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر کے گنجان آباد علاقے زمان روڈ گلی متصل کواری کا ٹیوب ویل خراب ہو گیا جس کی دوبارہ مرمت اور نئی موٹر کی فراہمی کیلئے محکمہ واسا کی جانب سے اقدامات نہ کئے جانے کی وجہ سے علاقے کے متوسط اور غریب رہائشی ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیئے گئے محکمہ واسا کی جانب سے عوام کو پانی کی فراہمی کے بڑے دعوؤں کے باوجود معمولی مسئلہ بھی حل نہ ہو سکا، ٹیوب ویل خراب ہونے سے جہاں محکمہ خود ایک بڑے ریونیو سے محروم ہو گیا تو دوسری جانب علاقے کے غریب رہائشی افراد کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا، تنگ گلیوں کے رہائشی جہاں ٹینکر نہیں جا سکتے وہاں تک پانی فراہمی کے ٹینکر مافیا کے ریٹ بھی ڈبل ہو گئے، علاقہ کے رہائشیوں نے کہا ہے کہ اس ظلم کیخلاف احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں واسا انتظامیہ فوری ٹیوب ویل کی مرمت کر کے پانی کی فراہمی یقینی بنائے۔

## کوئٹہ: کیقباد روڈ پر نالی کا پانی واسا کی لائن میں شامل، اہلِ محلہ پریشان

### صحت عامہ کے سنگین مسائل پیدا ہونیکا خدشہ، واسا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کیقباد روڈ پر گزشتہ کئی دنوں سے نالیوں کا غلیظ اور بدبودار کالا پانی واسا کی صاف پانی کی لائن میں شامل ہو رہا ہے، جس کے باعث علاقے کے مکین شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ اہلِ محلہ کے مطابق گندے پانی کی ملاوٹ سے صحت عامہ کے سنگین مسائل پیدا ہونے کا خدشہ ہے، تاہم واسا حکام کی جانب سے تاحال کوئی عملی اقدام نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے واسا کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور گندے پانی کی ملاوٹ روکنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 OCT 2025 Page No. 18

## کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ ہمارے ہاں جب بھی ترقیاتی منصوبے شروع ہوتے ہیں بدقسمتی سے وہ مقررہ وقت پر مکمل نہیں ہو پاتے۔ یہ ہمیشہ سست روی اور مبینہ طور پر غفلت کا شکار اور ان میں کرپشن کی شکایات بھی آتی رہی ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر سے اکثر ان پر آنے والی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے جو کہ یقیناً مالی نقصان ہے۔ ان کی سب سے بڑی وجہ ان منصوبوں پر چیک اینڈ بیلنس کے نظام کا نہ ہونا ہے، جس کے باعث متعلقہ ادارے اور ان میں کام کرنے والے اہلکار اپنی مرضی سے کام کرواتے ہیں۔

عوامی حلقوں میں اس سلسلے میں بہت زیادہ تشویش پائی جا رہی ہے انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب کاکڑ اور دیگر اعلیٰ حکام سے ایسے معاملات کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار ہیں۔ جس کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں کھدائی، ادھورے منصوبے اور ناقص انتظامی کارکردگی کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومتی ادارے اور متعلقہ محکمے مکمل طور پر مبینہ غفلت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبے عوامی سہولت کی بجائے اذیت کا سبب بن رہے ہیں۔ اگر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کا یہ حال ہے تو پھر دور دراز علاقوں کا کیا حال ہوگا؟۔ اگر حکومت بلوچستان نے جلد موثر اقدامات نہ کئے تو کوئٹہ ایک ترقی یافتہ شہر کے بجائے کھنڈرات کا منظر پیش کرے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کا سست روی کا شکار ہونا قابل تشویش بات ہے۔ اس سے عوام کو سہولت ملنے کی بجائے زحمت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس روایت کو جتنا جلدی ممکن ہو ختم کرنے کے لیے اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ شہر میں اب ایسے منصوبے بھی نامکمل ہیں جو گزشتہ حکومتوں نے شروع کئے تھے۔ اس کے ساتھ نئے منصوبوں پر بھی سست روی سے کام ہو رہا ہے۔ ان میں شہر کی اہم سڑکوں کی کشادگی کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ یہ منصوبے بلاشبہ بڑی اہمیت کے حامل اور عوام کے بہترین مفاد میں ہیں۔ ان کے مکمل ہونے سے ٹریفک جیسے اہم مسئلہ کافی حد تک حل ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس وقت ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 OCT 2025 Page No. 19

## بلوچستان حکومت کے حالیہ منصوبے،

## خطے میں ترقی وخوشحالی کے ضامن!

بلوچستان حکومت میرٹ، گڈ گورننس، صوبے کی ترقی، نوجوانوں کے بہتر مستقبل کیلئے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے جس کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوانوں میں موجود مایوسی کا خاتمہ کرنا ہے، وہ صوبے کی ترقی وخوشحالی سے نہ صرف فائدہ اٹھائیں بلکہ اپنا مثبت کردار صوبے کے وسیع مفاد میں ادا کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ذاتی طور پر مفاد عامہ کے منصوبوں میں دلچسپی لے رہے ہیں اوران کی بروقت تکمیل کیلئے کوشاں ہیں جو کہ خوش آئند عمل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، صوبے کی مجموعی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں اور قومی ہم آہنگی کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ پیپلز پارٹی اپنی اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر فلاحِ عامہ کے منصوبوں میں سرگرم کردار ادا کر رہی ہے، عوامی خدمت ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مضبوط بنانا چاہتی ہے تاکہ نوجوان خود کو فیصلہ سازی کے عمل کا فعال حصہ محسوس کریں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم میرٹوکریسی، شفافیت اور جواب دہی کو فروغ دے کر گڈ گورننس کی بنیاد رکھ رہے ہیں، کیونکہ اچھی حکمرانی ہی ترقی واستحکام کی ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام'' صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی منصوبہ ہے، جس کے تحت پرائمری سے اعلیٰ تعلیم تک طلباء وطالبات کو وظائف فراہم کیے جا رہے ہیں۔ یہ اقدام تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کو مواقع فراہم کرنے کی سمت میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے طلباء کے لیے دنیا کی 200 معیاری جامعات کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان جدید تعلیم اور عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ ہوسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے سویلین شہدا، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈرز کے لیے بھی خصوصی اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا ہے، جو ایک جامع اور شمولیتی تعلیمی وژن کا مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں سے مسلسل مکالمے کے ذریعے ان کے مسائل اور ترجیحات کو سمجھ کر عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، تاکہ انہیں معاشی طور پر بااختیار بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلاسود قرضہ پروگرام ایک انقلابی اقدام ہے، جس کے تحت نوجوانوں کو کاروباری مواقع فراہم کیے جائیں گے، اس منصوبے پر جلد عمل درآمد شروع کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ باعزت روزگار پروگرام نوجوانوں کے لیے باعزت روزگار اور خود انحصاری کے نئے مواقع پیدا کرے گا، جو بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء قمر زمان کائرہ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پیپلز پارٹی اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق کی علامت ہے، ہم قومی یکجہتی، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں قمر زمان کائرہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی وژن کو سراہتے ہوئے مکمل حمایت کا اظہار کیا اور کہا کہ بلوچستان کی خوشحالی دراصل پاکستان کے مضبوط وفاق کی ضمانت ہے۔ بہرحال بلوچستان ملک کا نصف حصہ ہے اس کی ترقی ملکی خوشحالی کا ضامن ہے۔ بلوچستان میں اس وقت میگا منصوبے جاری ہیں جبکہ دیگر منصوبوں میں بیرونی سرمایہ کاری بھی کیلئے بھی دلچسپی ظاہر کی جارہی ہے جو خطے میں نئی خوشحالی اور ترقی کے دروازے کھولے گی جس سے بلوچستان کے دیرینہ مسائل حل ہونگے خاص کر نوجوانوں کا مستقبل تابناک و روشن ہوگا۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے حالیہ منصوبوں کی نظیر نہیں ملتی جن کا براہ راست تعلق نوجوانوں سے ہے کیونکہ نوجوان صوبے کا اثاثہ ہیں ان پر سرمایہ کاری سے یقیناً صوبے میں واضح تبدیلی آئے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 OCT 2025 Page No. 21

# Beyond pink ribbons

Every October, Pakistan turns pink with ribbons, walks, and campaigns promoting breast cancer awareness. Billboards, talk shows, and charity events flood the public space with messages of prevention. Yet, when the month ends, the grim reality remains: the disease continues to claim thousands of lives every year, making Pakistan one of the country's most affected by breast cancer in Asia. Breast cancer cases are on the rise in Balochistan. Official sources say half of the cancer patients coming to hospitals are suffering from breast cancer, of which about 60 percent are in the final stage of the disease. They said that more than 60 percent of breast cancer patients in the province are diagnosed at the fourth stage of the disease, when the chances of cure are reduced. Health experts warn that nearly one in nine women in Pakistan may develop breast cancer in her lifetime. Tens of thousands of new cases are reported annually, and the numbers keep rising. The challenge is not that people are unaware of the disease, it is that most do not act on what they know. In rural and low-income areas, women still lack access to information and early detection. Cultural taboos and social stigma prevent open discussion of breast health. Many women depend on male family members to seek medical help, a delay that often proves fatal. The shortage of female doctors and screening facilities only worsens the problem. Consequently, most cases are diagnosed at a late stage, when treatment is both costly and less effective. Research shows that early detection raises survival rates above 80 per cent, while late diagnosis drastically reduces the chances of recovery and imposes immense financial strain. For a country with already limited healthcare resources, this is not just a personal tragedy, it is a national crisis. It is time to treat breast cancer on a priority basis. Regular screening programmes must be introduced at district hospitals, and the government should subsidise mammograms to remove cost barriers. Awareness efforts must extend beyond English-language media and reach women in their local languages, using radio, mobile clinics, and community health workers. Employers and educational institutions can help by arranging medical check-ups, offering paid medical leave, and supporting women undergoing treatment. Empowering female health workers to educate and screen women in rural areas can bridge the cultural gap that often costs lives. Pink ribbons symbolise compassion, but compassion alone cannot defeat cancer. Only through consistent action improved healthcare, stronger education, and community-level engagement can Pakistan reduce the devastating toll of this disease.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

ullet No. 6 Dated: 18 OCT 2025 Page No. 20

# گرائمر اسکول گوادر میں ورلڈ اسپیس ویک

## تحریر۔ناصر رحیم

ورلڈ اسپیس ویک 2025 کے سلسلے میں گوادر گرائمر اسکول گوادر میں جاری مختلف سرگرمیاں اور مقابلے اختتام کو پہنچے اسپیس ویک کے اہم ترین ماڈل اور پراجیکٹ مقابلہ میں شریک طلبہ کو اسناد اور پوزیشن پانے والوں کو سرٹیفکیٹ اور کیش انعامات دیئے گئے جو ادارہ ترقیات گوادر کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن اور چیف انجینئر سید محمد بلوچ نے تقسیم کئے انہوں نے طلبہ کے تیار کردہ ماڈلز اور پراجیکٹس کا معائنہ بھی کیا اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کی ڈی اے نے طلبہ اور حاضرین سے خطاب بھی کیا اور کہا کہ ورلڈ اسپیس ویک اور اس طرح کے دیگر پروگراموں میں طلبہ کی دلچسپی امید افزا ہے کیونکہ سائنسی تعلیم و تحقیق کے میدان میں آگے بڑھے بغیر خوشحالی اور ترقی ممکن نہیں انہوں نے شاندار پروگرام اور نمائش پر اسکول کو مبارکباد پیش کی یونیورسٹی آف گوادر کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد بلوچ بھی اختتامی دن کے خصوصی مہمانوں میں شامل رہے پرو وی سی گذشتہ تین سالوں سے اسپیس ویک میں شریک ہوکر اور طلبا اور ٹیچرز کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرکے سائنسی علوم کے فروغ کی کاوشوں کی سرپرستی کا اظہار کرتے رہے ہیں آپ نے ماڈلز اور پراجیکٹس کا معائنہ کیا، سوالات پوچھے اور طلبہ کو پریزینٹیشنز کو بہتر بنانے کے گر سمجھائے انہوں نے اسپیس ویک کے انتظامات سنبھالنے والے والنٹیرز کو توصیفی اسناد پیش کئے اور ان کے کام کو سراہا سابق چیئرمین بلدیہ گوادر عابد رحیم سہرابی، اسکول بورڈ کے سربراہ خدابخش ہاشم، آرسی ڈی کونسل گوادر اور اسکول بورڈ کے ارکان حاجی عبدالغنی، مجید عبداللہ، بہرام بلوچ، عبداللہ عثمان، پرائیوٹ اسکول ایسوی ایشن کے صدر جمیل قاسم، معروف بنکر قدوس قاسم، گوادر یونیورسٹی کے نصیر محمد، گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن کے صدر طارق جمیل، اور کونسلر شکیل کے ڈی نے بھی طلبہ میں اسناد تقسیم کئے جبکہ اسپیس ویک کے سات روزہ پروگرام کے مختلف حصوں اور مقابلوں کا اہتمام کرنے والے اسکول کے اساتذہ کو بہترین آرگنائزر کے تعریفی سرٹیفیکٹس پیش کئے گئے واضح رہے کہ اسکول انتظامیہ کی جانب سے ورلڈ اسپیس ویک کے مختلف پروگرامز میں شریک ہونے والے پری پرائمری، پرائمری، مڈل اور سیکنڈری کے طلبہ کو شرکت کے سرٹیفیکٹ دیئے گئے جن کی تعداد پانچ سو سے زیادہ تھی جبکہ مقابلوں میں پوزیشن پانے والے طالب علموں کو دیئے گئے اسناد اور کیش انعامات ان کے علاوہ ہیں اسپیس ویک 2025 کے شاندار انعقاد اور کامیاب اختتام گوادر گرائمر اسکول گوادر کے بورڈ کے سربراہ خدابخش ہاشم اور پرنسپل ناصر رحیم سہرابی نے گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین نورالحق بلوچ، پرو وی سی ڈاکٹر منظور احمد، جی ڈی اے کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمان، چیف انجینئر سید محمد، ڈی او ای وہاب مجید، پرنسپل ڈگری کالج کے لیکچرار وقار احمد، اکبر حسین، گرلز ڈگری کالج کے لیکچرار، معروف شاعر آصف شفیق، معروف گلوکار خلیل سہرابی، عبدالغفور ملا اور فوزیہ عبدالغفور، ماڈل ہائی اسکول گوادر، جی ڈی اے پبلک اسکول، دی اویس اسکول، بحریہ ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول، دارالعلوم پبلک اسکول، نیو ٹاؤن گرائمر ہائر سیکنڈری اسکول، الفارس پرائمری اسکول کے سربراہان، اساتذہ اور طلبہ کا شکریہ ادا کیا جن کی شرکت اور حوصلہ افزائی سے اسپیس ویک 2025 کے پروگرام نے ایک سائنسی میلے کی شکل اختیار کرلی انہوں نے اس شاندار کامیابی کو اسکول کے بچوں اور ان کے والدین کے نام کیا جو اسکول کی سرگرمیوں میں بچوں کے بھرپور شمولیت کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور ممکن بناتے ہیں۔





DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

6

Dated: 16 OCT 2025 Page No. 22

# حکومت بلوچستان کا تعلیمی عزم...... سبی میں تاریخی اقدامات

**تحریر: عنایت الرحمان**

بلوچستان قدرتی وسائل، ثقافتی ورثے اور تاریخی اہمیت کا حامل صوبہ ہے مگر اس صوبے کو سب سے بڑے چیلنج کا سامنا تعلیم کے شعبے میں ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی مدبرانہ قیادت میں صوبائی حکومت نے 2030 تک کوئی بھی بچہ اسکول سے باہر نہ رکھنے کا بلند ہدف مقرر کیا ہے۔ اگرچہ یہ ایک مشکل اور بڑا ہدف ہے لیکن حکومتی عزم، منصوبہ بندی اور عملی اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ خواب حقیقت بن سکتا ہے۔ محکمہ تعلیم بلوچستان کے مطابق صوبے میں اسکول جانے کی عمر کے بچوں کی تعداد 52 لاکھ سے زائد ہے جن میں سے تقریباً 22 لاکھ بچے اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں جبکہ 29 لاکھ سے زائد بچے اور بچیاں اسکول نہیں جا رہے۔ اس وقت صوبے میں 11 لاکھ بچے سرکاری، 7 لاکھ نجی اور تین لاکھ سے زائد نیم سرکاری اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جیسے ترقی یافتہ شہر میں بھی تین لاکھ سے زائد بچے اسکول سے باہر ہیں۔ بلوچستان میں اس وقت 80 فیصد پرائمری اسکول ہیں جبکہ مڈل اور ہائی اسکولوں کی کمی کے باعث بڑی تعداد میں بچے بالخصوص لڑکیاں پانچویں جماعت کے بعد تعلیم ترک کر دیتی ہیں۔ محکمہ تعلیم کے حکام کے مطابق بچوں کے اسکول نہ جانے کی کئی وجوہات ہیں جن میں غربت، اسکولوں کا طویل فاصلہ، موسمی حالات، کرونا وبا کے بعد بیروزگاری اور ناقص تعلیمی نظام شامل ہیں۔ بلوچستان میں پرائمری کے مقابلے میں مڈل اور ہائی اسکولوں کی کمی باعثِ تشویش ہے جس کی وجہ سے پرائمری کے بعد تقریباً 70 فیصد بچے تعلیم چھوڑ دیتے ہیں۔ ان تمام چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان نے تعلیم کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دینے کے لیے کئی انقلابی اقدامات کیے ہیں۔ مالی سال 2024-25 میں تعلیم کے بجٹ میں پچھلے برسوں کی نسبت 34 فیصد اضافہ کیا گیا۔

موجودہ حکومت کی جانب سے تعلیم کے شعبے میں سب سے بڑی کامیابی غیر فعال اسکولوں کی بحالی کی صورت میں سامنے آئی۔ صوبے کے 3862 غیر فعال اسکولوں میں سے 3144 اسکول اب دوبارہ فعال کر دیے گئے جس سے 81 ہزار سے زائد بچوں کو تعلیم کے مواقع ملے۔ اس ضمن میں اساتذہ کی تعیناتی مرحلہ وار کی گئی اور 1290 اسکولوں کے عملے کو از سر نو تقسیم کر کے سکولوں کو فعال کیا گیا این سی ایچ ڈی، بی ای سی ایس، پاک فوج اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے یہ تاریخی ہدف حاصل کیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے بھی نیشنل ورکشاپ سے خطاب میں اس امر کی تصدیق کی ہے کہ صوبائی حکومت نے صوبے بھر میں 14 ہزار اساتذہ بھرتی کیے ہیں اور بند و معطل اسکولوں کی فعالیت سے ہزاروں بچے اب مستفید ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کے دوسرے بڑے ضلع کے طور پر ضلع سبی تاریخی، ثقافتی اور تعلیمی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ خطہ ماضی میں بھی علم و ثقافت کا مرکز رہا ہے اور آج جدید تعلیمی اقدامات کے ذریعے ترقی کی نئی منزلیں طے کر رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ سبی کمشنر سبی اسد اللہ فیض کی سربراہی میں اور ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی کی شبانہ روز محنت اور عملی اقدامات سے سبی میں تعلیمی انقلاب کے لیے کوشاں ہے ضلعی انتظامیہ نے صوبائی حکومت اور ورلڈ بینک اسپائر پروجیکٹ کے تعاون سے کئی تعلیمی منصوبے شروع کیے ہیں۔ حال ہی میں گورنمنٹ اسکول الہ آباد اور غریب آباد میں جدید آئی ٹی لیبز کا افتتاح کیا گیا، ان اسکولوں کو سولر سسٹم، تدریسی کتب، فرنیچر اور دیگر سہولیات فراہم کی گئیں۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ریلوے کالونی میں طالبات کے مطالبے پر کمپیوٹر کلاسز اور آئی ٹی لیب قائم کی گئی۔ میر چاکر خان رند یونیورسٹی، ڈویژنل پبلک اسکول اور گرلز ڈگری کالج کے معائنوں کے ذریعے مزید بہتری کے اقدامات بھی زیر عمل ہیں۔ ضلع میں کلسٹر بجٹ کے تحت اسکولوں کو ضروری سامان فراہم کیا گیا۔ الہ آباد اسکول میں تین کمروں پر مشتمل نئی عمارت تعمیر کی گئی جس میں جدید ڈیجیٹل آئی ٹی لیب، ایل ای ڈی اسمارٹ بورڈ، کمپیوٹرز اور اسٹیشنری فراہم کی گئی۔ ضلع کے 21 ہونہار طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے تاکہ انہیں جدید تعلیمی وسائل میسر آ سکیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کے مطابق برسوں سے بند اسکولوں کو فعال کرنے، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے، ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کے نفاذ، گرلز اسکولوں میں اضافے اور اسمارٹ کلاس رومز کے قیام پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ضلع سبی کے تعلیمی اقدامات واضح طور پر یہ ثابت کرتے ہیں کہ اگر ارادہ مضبوط ہو اور پالیسیوں پر عملدرآمد موثر طریقے سے کیا جائے تو کوئی ہدف ناممکن نہیں۔ یہ اقدامات بلوچستان کو ایک روشن تعلیمی مستقبل کی طرف لے جا رہے ہیں جہاں ہر بچہ اسکول میں ہوگا اور صوبہ ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگا۔